# حیسکو پریس رلیز مورخہ 08.10.2025:

**بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن میراں محمد شاہ، ٹنڈو الہیار ا، سٹیزن، سیہون، ٹنڈو محمد خان ا، مکلی، ٹنڈو آدم ا، اوڈیرولال، میرپورخاص سٹی، میرواہ گورچانی اور چھور میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 248 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے، 654 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 54 لاکھ 40 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔**

**19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 27554 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جب کہ 676 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 1511 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 177958 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 740 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 65 کروڑ 86 لاکھ 30 ہزار سے زائد ریکور کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان**

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن میراں محمد شاہ، ٹنڈو الہیار ا، سٹیزن، سیہون، ٹنڈو محمد خان ا، مکلی، ٹنڈو آدم ا، اوڈیرولال، میرپورخاص سٹی، میرواہ گورچانی اور چھور میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 248 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے، 654 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 54 لاکھ 40 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 27554 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جب کہ 676 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 1511 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 177958 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 740 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 65 کروڑ 86 لاکھ 30 ہزار سے زائد ریکور کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویژن لطیف آباد ا کی سب ڈویژن میراں محمد شاہ، ڈویژن قاسم آباد کی سب ڈویژن سٹیزن، ڈویژن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویژن ٹنڈو الہیار ا میں کارروائیوں کے دوران 97 غیر قانونی کنکشن منقطع 230 میٹر بجلی کی غیر قانونی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 13 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویژن کوٹری کی سب ڈویژن سیہون، ڈویژن ٹنڈو محمد خان کی سب ڈویژن ٹنڈو محمد خان ا، ڈویژن ٹھٹھہ کی سب ڈویژن مکلی میں کارروائیوں کے دوران 138 غیر قانونی کنکشن 304 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 31 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویژن ٹنڈو آدم کی سب ڈویژن ٹنڈو آدم ا اور اوڈیرولال میں کارروائیوں کے دوران 10 غیر قانونی کنکشن منقطع 70 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 4 لاکھ 30 ہزار سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میرپورخاص امیر احمد میمن کی ہدایت پر ڈویژن میرپورخاص کی سب میرپورخاص سٹی، میرواہ گورچانی اور ڈویژن عمرکوٹ کی سب ڈویژن چھور میں کارروائیوں کے دوران 3 غیر قانونی کنکشن منقطع جبکہ 50 میٹر بجلی کی غیر قانونی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 6 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک و قوم کا مجرم ہے لہذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور دیگر حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا ہماری کارروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمہ تک جاری رہیں گیں، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تا کہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں جائے گی، حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تا کہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تا کہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔



چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر حیسکو انتظامیہ اور ڈسکو سپورٹنگ یونٹ (DSU) قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں